جنازہ گاہ چھوٹی ہونے کی وجہ سے جنازہ کی تکرار کرنا

مجیب: ابوحفص مولانا محمد عرفان عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2333

تاریخ اجراء: 21 جمادی الثانی 1445ھ/04 جنوری 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

اگر کسی جگہ جنازہ گاہ چھوٹی ہو جس کے باعث سب افراد ایک ساتھ نماز جنازہ میں شرکت نہ کر سکتے ہوں، تو کیا اس صورت میں میت پر ایک بار نماز جنازہ پڑھانے کے بعد، دوسرے لوگوں کو شریک کرنے کیلئے امام اس میت پر دوبارہ نماز جنازہ پڑھا سکتا ہے؟ اس طرح ایک سے زائد بار نماز جنازہ پڑھنے سے متعلق شرعی حکم واضح فرمادیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

میت پر ایک بار نماز جنازہ ادا ہو جانے کے بعد، جنازہ گاہ کے چھوٹا ہونے کے باعث بقیہ رہ جانے والے افراد کیلئے، اُسی میت پر دوبارہ نماز جنازہ کی ادائیگی ہرگز ہرگز جائز نہیں، کیونکہ حکمِ شرعی یہ ہے کہ جب میت کا ولی یا ولی کی اجازت سے کوئی دوسرا شخص میت پر ایک بار نماز جنازہ پڑھا چکا ہو تو اب میت پر ایک بار نماز جنازہ ہو جانے کے بعد، دوسرے لوگوں کو مطلقاً اُس میت پر دوبارہ نماز جنازہ پڑھنا جائز نہیں، نہ اُن کو جو پہلے پڑھ چکے ہوں اور نہ اُن کو جو باقی رہ گئے ہوں کہ دوبارہ نماز جنازہ پڑھنے کی صورت میں یہ ایک ہی میت پر جنازہ کی تکرار ہوگی اور مذہبِ حنفی میں نماز جنازہ کی تکرار مطلقاً جائز نہیں، سوائے ایک صورت کے، وہ یہ کہ اگر کوئی ایسا شخص ولی کی اجازت کے بغیر نماز جنازہ پڑھادے جسے جنازہ پڑھانے کا حق حاصل نہ ہو، اور میت کے کسی ولی نے بھی اُس نماز جنازہ میں شرکت نہ کی ہو تو اس خاص صورت میں میت کا ولی دوبارہ نماز جنازہ ادا کر سکتا ہے کیونکہ یہ اُس کا حق ہے، اور اس دوسری بار کی نماز میں فقط وہی افراد شریک ہوں گے جو پہلی نماز میں شریک نہ تھے۔

واضح رہے نماز جنازہ کی ادائیگی، جنازہ گاہ ہی میں ہونا کوئی ضروری نہیں، بلکہ مسجد کے علاوہ کسی عمارت یا میدان میں جو جنازہ گاہ کے طور پر مخصوص نہ ہو، وہاں بھی نماز جنازہ ادا کی جاسکتی ہے، لہذا اگر کسی جگہ جنازہ گاہ چھوٹی ہو کہ جنازے

میں آئے سب افراد ایک ساتھ شریک نہ ہوسکتے ہوں، تو وہاں مدرسہ کی عمارت یا قریب کسی میدان میں نمازِ جنازہ قائم کرلی جائے تاکہ یکبارگی سب افراد نمازِ جنازہ میں شریک ہوسکیں۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net